**نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب**

**21۔ ڈیوس روڈ لاہور**

**Ph.042-99200731,
99200729, [E.mail:mediaresearch34@gmail.com](mailto:mediaresearch34@gmail.com)**

**[www.facebook.com/AgriDepartment](http://www.facebook.com/AgriDepartment)**

**پریس ریلیز**

## محکمہ زراعت پنجاب نے موسمی مکئی کی کاشت کیلئے ایڈوائزری جاری کر دی

**لاہور: 13 جولائی2026:** ایڈوائزری میں کہا گیا ہے کہ موسم خریف میں مکئی کی کاشت 15جولائی تا15اگست تک مکمل کریں۔راولپنڈی کے پہاڑی علاقوں میں موسمی مکئی کی کاشت فوراً شروع کر دیں۔مکئی کی کاشت اڑھائی فٹ کے باہمی فاصلے پر بنائی گئی وٹوں پر کریں۔ایڈوائزری میں مزید کہا گیا ہے کہ کاشتکار محکمہ زراعت پنجاب کی مکئی کی منظور شدہ ترقی دادہ ہائبرڈ اقسام وائی ایچ1898،ایف ایچ 1046،وائی ایچ5427،ایف ایچ988،وائی ایچ5482،وائی ایچ5561،وائی ایچ5568 اور وائی ایچ5560جبکہ عام اقسام ملکہ16،گوہر19،ساہیوال گولڈ،سمٹ پاک،سویٹ1 اور پاپ1کاشت کریں۔اس کے علاوہ مکئی کے کاشتکار رجسٹرڈ ڈیلرز سے بین الاقوامی اور قومی کمپنیوں کی ہائبرڈ اقسام کے بیج خرید کر بھی کاشت کر سکتے ہیں۔موسمی مکئی کیلئے شرح بیج 8تا10کلوگرام فی ایکڑرکھیں۔موسمی مکئی کی دوغلی اقسام کیلئے پودوں کی تعداد 30ہزار فی ایکڑ جبکہ عام اقسام کیلئے پودوں کی تعداد 23تا26ہزار فی ایکڑ رکھیں۔

****